پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ
22/12/2021

وزیر اعلیٰ نے اتر پردیش میں 19 کروڑ سے زیادہ کورونا ویکسین دیئے جانے پر اس کامیابی کو وزیر اعظم کی رہنمائی اور صحت اہلکاروں کی بے پناہ محنت کو وقف کیا

لکھنؤ: 22، دسمبر 2021

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے اتر پردیش میں 19 کروڑ سے زیادہ کورونا ویکسین دیئے جانے پر اس کامیابی کو وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی رہنمائی اور صحت کارکنوں کی بے پناہ محنت کو وقف کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 19 کروڑ سے زیادہ ویکسین کا تحفظ فراہم کرنے والی اتر پردیش ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ٹارگٹ گروپ کے لوگ جنہوں نے ابھی تک ویکسین نہیں لگوائی ہے، انہیں ویکسین لگوانے کی ترغیب دی جائے، کیونکہ ویکسین کورونا سے بچاؤ کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

☆☆☆☆☆